# سوالات الفوز الکبیر فی اصول التفسیر

تمام سنی مدارس اور جامعات المدینہ میں درس نظامی میں بہت ساری کتابیں پڑھائی جاتی ہیں کچھ کتابیں ایسی ہیں جو تمارین اور مشقوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن کے حل سے سبق کافی حد تک ذہن میں محفوظ ہوجاتا ہے لیکن بہت ساری ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں تمارین اور مشقیں نہیں ہیں اس لیے ارادہ کیا کہ جو کتابیں تمارین سے خالی ہیں ان کے اسباق کو ششماہی اول ودوم میں تقسیم کرکے سوالات اس طرح بنائیں جائیں کہ طلبہ آسانی سے اسباق یاد کرسکیں اور یاد کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہو اور سوالات اس طرح ہوں کہ پوری کتاب کو محیط ہوں تاکہ کتاب کا نقصان نہ ہو اس سلسلے کی ایک کڑی درجہ خامسہ میں پڑھائی جانے والی علم تفسیر کی بہت مشہور کتاب **الفوز الکبیر فی اصول التفسیر** کے سوالات پیش خدمت ہیں ان کے ذریعہ اسباق کو کم وقت میں یاد کرسکتے ہیں اور درس گاہ میں سن بھی سکتے ہیں۔

## سوالات الفوز الکبیر فی اصول التفسیر

### مقدمہ

سوال نمبر1 رسالہ "الفوز الکبیر" کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟ نیز وہ ابواب کن چیزوں پر مشتمل ہیں؟

### باب اول

سوال نمبر1 قرآن عظیم میں کن علوم کو بطریق تنصیص بیان کیا گیا ہے؟ تفصیلا بیان فرمائیں۔

سوال نمبر2 علوم خمسہ کو بیان کرنے میں قرآن مجید کا کیا اسلوب ہے؟ بیان کریں

سوال نمبر3 نزول قرآن کریم کے مقاصد بیان کریں۔

سوال نمبر4 آیات مخاصمہ، آیات احکام اور آیات تذکیر کے اسباب نزول بیان کریں؟

سوال نمبر5 عام مفسرین ہر آیت کے تحت جو جزئی قصے بیان کرتے ہیں کیا ان کا فہم قرآن مجید میں کوئی لائق شمار دخل ہے؟ اور اگر ہے بھی تو کہاں ہے؟

### فصل اول

سوال نمبر1 قرآن مجید میں کتنے اور کون سے گمراہ فرقوں کے ساتھ مخاصمہ واقع ہوا ہے اور اس مخاصمے کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر2 مشرکوں کا دعوی بیان کریں؟ نیز یہ بتائیں کہ حنیف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر3 ملت ابراہیمیہ کے شعائر بیان کریں؟

سوال نمبر4 ملت ابراہیمیہ کے شرائع بیان کریں؟ اور یہ بتائیں کہ مشرکین کا ان کے ساتھ کیا رویہ تھا؟

سوال نمبر5 مشرکین کے عقیدے کیا کیا تھے؟

سوال نمبر6 مشرکوں کی گمراہی اجمالا بیان کریں؟

سوال نمبر7 مشرکوں کی درج ذیل گمراہیوں کو تفصیلا بیان کریں

(1) شرک (2) تشبیہ (3) تحریف (4) انکار معاد (5) استبعاد رسالت آپ صلی اللہ علیہ وسلم

سوال نمبر8 مشرکین کے احوال کو مثال سے واضح کریں؟

سوال نمبر9 قرآن عظیم میں مشرکوں کے ساتھ مخاصمہ میں کس کے ذریعہ سے استدلال کیا گیا؟؟

سوال نمبر10 مشرکوں کی درج ذیل گمراہیوں کے تمام جوابات تحریر کریں؟ (1) اشراک (2) تشبیہ (3) تحریف (4) استبعاد حشر ونشر (5) استبعاد ارسال رسل

سوال نمبر11 قرآن پاک میں تکرار مضامین کا سبب کیا ہے

سوال نمبر12 یہود کس کتاب پر ایمان رکھتے تھے اور ان کی گمراہیاں کیا تھیں؟ اجمالا بیان کریں

**من جانب طلبہ درجہ خامسہ 2019/20 جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور۔**

# سوالات الفوز الکبیر فی اصول التفسیر

سوال نمبر13 تحریف احکام توریت کی دونوں صورتوں کی وضاحت کیجئے نیز تحریف معنوی کی تین صورتیں بھی بیان کیجئے؟

سوال نمبر14 کتمان آیات توریت کی وضاحت کریں؟ نیز اس کی دو مثالیں بھی تحریر کریں

سوال نمبر15 یہودیوں کا توریت شریف میں افتراء باتوں کو لاحق کرنے کے کیا اسباب تھے؟

سوال نمبر16 یہودیوں کا احکام توریت قائم کرنے میں تساہل بخل اور حرص کا ارتکاب کرنے کا سبب کیا تھا؟

سوال نمبر17 ہمارے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی رسالت کو بعید از قیاس سمجھنے کے اسباب کیا تھے؟

سوال نمبر18 انبیاء کرام کی شریعتوں کے مختلف ہونے کے سلسلے میں اصل نکتہ کیا ہے اور اس میں انبیاء کرام نے کونسا طریقہ اپنایا؟ تشبیہ دے کر سمجھائیں

سوال نمبر19 احوال یہود کو مثال سے واضح کریں

سوال نمبر20 نصاری کس نبی پر ایمان رکھتے تھے اور ان کی گمراہیاں کیا تھیں

سوال نمبر21 نصاری کا حضرت عیسی علیہ السلام کے متعلق کیا عقیدہ تھا اور وہ اس پر استدلال کس سے کرتے تھے؟

سوال نمبر22 انجیل میں حضرت عیسی علیہ السلام کے لئے لفظ "ابن اللہ" کے واقع ہونے سے پیدا ہونے والے اشکال کا کیا جواب ہے؟

سوال نمبر23 انجیل میں حضرت عیسی علیہ السلام کے بعض افعال الہیہ کو اپنی طرف منسوب کرنے سے پیدا ہونے والے اشکال کا کیا جواب ہے؟

سوال نمبر24 احوال نصاری کی توضیح کتاب میں مذکور مثال کے ذریعے کیجئے؟

سوال نمبر25 حضرت عیسی علیہ السلام کے قتل کے متعلق نصاری کی گمراہی کیا ہے اس کا سبب کیا ہے نیز اس کا جواب کیا ہے اور اس کے ازالہ اللہ تعالی نے اپنے کس قول سے فرمایا؟

سوال نمبر26 فارقلیط سے مراد کون سی ذات اس بارے میں نصاری کیا کہتے تھے نیز حقیقۃً اس سے مراد کون سی ذات ہے اور کیوں؟

سوال نمبر27 منافقوں کی کتنی قسمیں تھیں؟ مع تعریف بیان کریں

سوال نمبر28 نفاق عملی سے متّصل منافقوں کی پانچ قسمیں بیان کریں

سوال نمبر29 نفاق کی دونوں قسموں پر مطلع ہونے کی کیا صورت ہے؟ اور ہمارے زمانے میں کون سا نفاق زیادہ پایا جاتا ہے؟

سوال نمبر30 منافقوں کے احوال کو مثال سے واضح کریں؟

سوال نمبر31 بیان مخاصمہ سے قرآن پاک کا مقصد کیا ہے

## الفصل الثانی

### فی بقیة مباحث العلوم الخمسة

سوال نمبر1 تذکیر بآلاء اللہ اور اثبات ذات وصفات میں قرآن حکیم کا اسلوب کیا ہے اور اس کی حکمت کیا ہے؟

سوال نمبر2 بیان آلاء اللہ میں قرآن حکیم کا اسلوب کیا ہے؟ تفصیلا بیان فرمائیں

سوال نمبر3 تذکیر بایام اللہ میں قرآن مجید کا کیا اسلوب ہے اور اس کی حکمت کیا ہے؟

سوال نمبر4 وہ کون سے قصے ہیں جو قرآن کریم میں مذکور ہے

سوال نمبر5 وہ کون سے قصے ہیں جو قرآن کریم میں فقط ایک یا دو بار مذکور ہیں

سوال نمبر6 قرآن عظیم میں قصوں کو ذکر کرنے سے مقصود کیا ہے

سوال نمبر7 تذکیر بالموت ومابعد الموت میں کن امور کو بیان کیا گیا ہے

سوال نمبر8 مباحث احکام کے متعلق کتاب "الفوز الکبیر" میں کیا کلیہ بیان کیا گیا ہے؟ تفصیلا بیان کریں۔

**من جانب طلبہ درجہ خامسہ** 2019/20 **جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور۔**

# سوالات الفوز الکبیر فی اصول التفسیر

سوال نمبر 9 تدبیر منزل اور احکام سیاسیہ سے کیا مراد ہے۔

سوال نمبر 10 دین حنیف کے ماننے والوں کی عبادات میں فتور واقع ہونے کے کیا اسباب تھے اور ان کی اصلاح کے لیے قرآن پاک نے کیا کیا؟ نیز تدبیر منزل اور احکام سیاسیہ میں واقع ہونے والی خرابیوں کی اصلاح کے لیے قرآن مجید نے کیا کیا ہے؟

سوال نمبر 11 قرآن مجید نے جن چیزوں کے مسائل کو اجمالا بیان کیا اور سنت نبویہ نے ان کی تفصیل کی ان میں سے بعض کو بیان کریں؟

سوال نمبر 12 قرآن پاک میں وہ کس نوعیت کے مقامات ہیں جو خاص حوادث وواقعات سے تعلق رکھتے ہیں اگرچہ ان کا حکم عام ہے

سوال نمبر 13 قرآن کریم میں کن قصوں کی طرف کہاں اشارہ وتعریض واقع ہوئی ہے؟

## الباب الثانی

سوال نمبر 1 نظم قرآن کے معانی میں خفاء کے اسباب کیا ہے؟

سوال نمبر 2 فہم قرآن پاک میں دشواری کے مقامات کون کون سے ہیں؟ صاحب "الفوز الکبیر" کی تعلیم کی روشنی میں لکھیں

## فصل اول

سوال نمبر 1 قرآن کے الفاظ غریبیہ کی شرح میں سب سے بہتر کس کی روایت ہے اور اس کی بہترین سندیں کون سی ہے؟

## فصل ثانی

سوال نمبر 1 ناسخ ومنسوخ کی معرفت کے دشوار ہونے کی سب سے قوی وجہ کیا ہے؟

سوال نمبر 2 متقدمین لفظ نسخ کو کن معانی میں استعمال کرتے تھے؟

سوال نمبر 3 متقدمین کی اصطلاح کے مطابق آیات منسوخہ کی تعداد کتنی ہے؟

سوال نمبر 4 متاخرین کے نزدیک نسخ کی تعریف کیا ہے اور اس کے مطابق آیات منسوخہ کی تعداد کتنی ہے؟

سوال نمبر 5 وہ آیتیں مقامات کے ساتھ تحریر کریں جو عند المتاخرین منسوخ ہو؟

سوال نمبر 6 وہ کتنی اور کون کون سی آیتیں ہیں جو شاہ صاحب کے نزدیک منسوخ ہے؟

سوال نمبر 7 عند المتاخرین جو آیتیں منسوخ ہیں اور شاہ صاحب کے نزدیک منسوخ نہیں ان آیتوں کی شاہ صاحب نے کیا تاویل کی ہے؟

سوال نمبر 8 امام سیوطی نے ابن عربی کی موافقت کرتے ہوئے صحیح مذھب کے مطابق کتنی اور کون سی آیتوں کو منسوخ قرار دیا ہے

## فصل ثالث

سوال نمبر 1 صحابہ کرام اور تابعین عظام "نزلت في كذا" کا لفظ کن مواقع میں استعمال کرتے تھے؟ نیز ان کے قول "فأنزل الله قوله كذا" سے کس بات کی طرف اشارہ ہوتا ہے؟

سوال نمبر 2 وہ کون سی اشیاء ہیں جو اسباب نزول میں سے نہیں؟

سوال نمبر 3 باب اسباب نزول میں مفسر پر کن باتوں کا جاننا شرط ہے؟

سوال نمبر 4 کیا انبیاء سابقہ کے قصے حدیث میں وارد ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 5 وہ طویل وعریض قصے جن کی روایت کا تکلف مفسرین نے کیا ہے وہ کس سے منقول ہے اور "اہل کتاب" کی روایات کے متعلق حدیث شریف میں کیا حکم آیا ہے

سوال نمبر 6 عند المتقدمین اصطلاح "نزلت فی کذا" میں کتنی وسعت ہے؟

سوال نمبر 7 جوانب سعادت وسقاوت کو بیان کرنے میں قرآن مجید کا کیا اسلوب ہے؟

سوال نمبر 8 بعض آیات کو سوال وجواب کی صورت میں پیش کرنے کا مقصد کیا ہے؟

**من جانب طلبہ درجہ خامسہ 2019/20 جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور۔**

# سوالات الفوز الکبیر فی اصول التفسیر

سوال نمبر9 کبھی صحابہ کرام آیات کے درمیان تقدم و تاخر بیان کرتے ہیں کہ اس سے کونسا تقدم و تاخر مراد ہوتا ہے ؟مع مثال بیان کریں؟

سوال نمبر10 بالجملہ باب اسباب نزول میں کتنے اور کون سے امور کی معرفت مفسر کی ذمہ داری ہے ؟

## فصل رابع

سوال نمبر(1)...اجمالی طور پر یہ بیان فرمائیے کہ باب ثانی کے فصل رابع میں کن چیزوں کا بیان ہے ۔نیز جن چیزوں کا بیان ہے ان میں سے ہر ایک کی ایک ایک مثالیں بیان فرمائیے ؟

سوال نمبر(2)...قرآن پاک میں مضاف موصوف اور ان کے متعلقات کو حذف کرنے کی چند صورتیں مثالوں کے ساتھ بیان فرمائیں ؟نیز۔(و ما یلقھا)۔(الا ان عادا کفرو ر بھم)اور(و لو نشاء لجعلنا منکم ملائکۃ).ان مثالوں کی وضاحت فرمائیے آکہ ان میں کس کو حذف کیا گیا ہے

سوال نمبر(3)...جملے کے بعض اجزاء کو حذف کیا جاتا ہے تو یہ بتائیں کہ اس میں کیا کیا چیزیں آئیں گی جن کو حذف کیا جاتا ہے ہے ساتھ ہی ساتھ اس سورت کی تین مثالوں کو بالتفصیل تحریر فرمائیں ؟

سوال نمبر(4)...کلمہ اذ کی وضاحت فرمائیں کہ شاہ صاحب اس کے متعلق کیا فرماتے ہیں ہیں ۔حذف الجار من ان المصدریہ کے متعلق بیان فرمائیں ؟

سوال نمبر(5) جواب شرط کے حذف کے سلسلے میں جمہور مفسرین اور شاہ صاحب کا کیا موقف ہے ؟

سوال نمبر(6)...ابدال میں کتنی صورتیں ہوتی ہیں یعنی کس کو کس سے بدلا جاتا ہے اسکی دو دو مثالیں بیان فرمائیں ؟

سوال نمبر(7)...ثقلت في السموت و الارض . اور. فما منکم من احد عنه حجز ین .ان مثالوں کی وضاحت فرمائیں کہ اس میں کس کو کس سے بدلا گیا ہے

سوال نمبر(8)...ابدال الاسم بالاسم کی پانچ مثالیں لکھیں نیز ابدال حرف بحرف کی پانچ مثالیں لکھیں ؟

سوال نمبر(9)...ان مثالوں میں کس کو کس سے بدلا گیا ہے

(1)یاایھا الانسان انك کادحاالی ربك کدحا

(2)فما منکم من واحد عنه حجز ین

(3)اخذته العزة بالاثم

(4)ولاصلبنکم فی جذوع النخل

(5)یشرب بھا عباد الله

سوال نمبر(10)...جملے جملے سے کب بدلا جاتا ہے اور دو مثالیں لکھیں ؟

سوال نمبر(11)...تنکیر کو تعریف سے اور تانیث و تذکیر اور افراد کو اس کے اضداد سے نیز تثنیہ کو مفرد سے بدلنے کی ایک ایک مثالیں لکھیں ؟

سوال نمبر(12)...جزاء اور جواب قسم کو جملہ مستقلہ سے اور انشاء کو اخبار سے بدلنے کی ایک ایک مثالیں لکھیں ؟

سوال نمبر(13)...یہ بتائے کہ ان مثالوں میں کس کو کس سے بدلا گیا ہے ؟

(1)ان کنتم مؤ منین

(2)والسماء ذات البروج وشاهد ومشهود قتل اصحب الاخدود(3)أرءیت

سوال نمبر14 تقدیم و تاخیر اور تعلق بالبعید کی دو مثال پیش کرے نیز بثینةُ شانها سلبت فؤادي بلا جرم اتیت به سلا ما اس شعر میں محل استشہاد بیان کریں؟

**من جانب طلبہ درجہ خامسہ** 2019/20 **جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور۔**

# سوالات الفوز الکبیر فی اصول التفسیر

سوال نمبر15تعلق بالبعید کی تعریف کرے• وامسحوا برؤسکم وارجلکم،یسالونك كانك حفي عنها، لتنوا بالعصبةاولي القوة،الاال لوط انالمنجو هم اجمعین ان مثالوں کاتعلق تقدیم وتاخیریاتعلق بالبعید سے ہے واضح کریں؟

سوال نمبر16زیادت علی الکلام کی چار مثالیں بیان کریں نیز یسالونك عن الاهلة قل هي مواقيت للناس والحج اس مثال میں شاہ صاحب کے موقف بیان کریں؟

سوال نمبر17 واواتصال کے لئے استعمال ہوتا ہے نہ کہ عطف کے لیے اس پر دلیل پیش کرے اور مثال سے واضح کریں؟

سوال نمبر18 انتشار ضمائراور ایک کلمہ سے دو معنی مراد لینے کی ایک ایک مثال پیش کروں نیز قال قرینہ۔

اس مثال کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر19 لفظ مختلف معانی کے لئے آتا ہے جیسے جعل، شيئ،ان دونوں کی دو دو مثال پیش کریں نیز"الامر" "النباء" "الخطب"ان تینوں سے کیامراد لیتے ہے مثال دے کرواضح کریں؟

سوال نمبر20 انتشار آیات کی ایک مثال پیش کریں نیزولا تؤمنوا الا لمن تبع دينكم قل ان الهدی هد ی الله ان يوتی احد مثل ما اوتيتم اس آیت کی کتاب کی روشنی میں وضاحت کریں؟

## فصل خامس

سوال نمبر1محکم کی تعریف کرکے مثال سے واضح کریں؟

سوال نمبر2متشابہ کی تعریف کرکے مثال سے واضح کریں؟نیزدو معنوں میں احتمال کن چیزوں کی وجہ سے واقع ہوتا ہے

سوال نمبر3کنایہ کی تعریف کرکے قرآن سے مثال دے کروضاحت کریں؟

سوال نمبر4معنیٰ عقلی کوصورت محسوسہ میں پیش کرنے کی قرآنی اور عرفی مثال لکھیں؟

سوال نمبر5تعریض کی تعریف کرکے مثال سے وضاحت کے ساتھ قلمبند کریں؟

سوال نمبر6مجازعقلی کی تعریف مع مثال سمجھانے والے انداز میں تحریر کریں؟

**من جانب طلبہ درجہ خامسہ 2019/20 جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور۔**